| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ہ' | دن: | پہلا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ہ' کی پہچان کرسکیں اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں سے حروف 'ا تا و' کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ہ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ہ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ہ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ہ' ہے۔ یہ حروف تہجی کا پینتیسواں حرف ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ہ' کی آواز بھی اس کے جیسے ہوتی ہے بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ہ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ہ' کے ذخیرہ الفاظ (ہاتھ، ہاتھی، ہار، ہرن، ہدہد، ہانڈی، ہڈی) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو حرف 'ہ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ہ' سے ہرن کی ورک شیٹ دی جائے گی اور بچوں کو کہا جائے گا کہ 'ہ' سے ہرن میں رنگ بھریں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ہ' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ہ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ہ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں کو حرف 'ہ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ہ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ہ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو حرف 'ہ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>ہم تو سو رہے تھے ہمیں مرغے نے جگایا بولا ککڑوں ککڑوں کوں<br>ہم تو سو رہے تھے ہمیں بکری نے جگایا بولی میں میں میں<br>ہم تو سو رہے تھے ہمیں چڑیا نے جگایا بولی چوں چوں چوں | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 80 کھولیں اور حرف 'ہ' پر انگلی پھیریں اور حرف 'ہ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے 'ہ' کی آواز کی بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**'ہ' سے ہار:**<br>بچوں سے مختلف موتی منگوائے جائے گے بچوں کو فش وائر دی جائے گی اور بچوں کی مدد کی جائے گی کہ فش وائر میں موتی ڈال کر 'ہ' سے ہار بنائیں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 80<br>موتی فش وائر | |
| | **اختتامیہ:**<br>حرف 'ہ' سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ہ' سے ہانڈی میں رنگ بھریں گے۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ہ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ہ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ہ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے 'ہ' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ہ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ہ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا آج آپ حرف 'ہ' کی کہانی سنیں گے۔<br>آج ہفتہ کا دن تھا۔ ہاجرہ کو چھٹی تھی۔ اُس نے اپنے ابو سے کہا کہ آج چڑیا گھر چلیں اُس کے ابو نے کہا بیٹا تیار ہو جاؤ چلتے ہیں چڑیا گھر پہنچ کر اُس نے اپنے ابو کا ہاتھ پکڑ لیا وہاں اُس نے ہاتھی، ہرن اور ہد ہد دیکھی ہوا بھی بہت تیز چل رہی تھی اس نے اپنے ابو کو کہا ہم ہمیشہ چھٹی کے دن یہاں آیا کریں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ہ' سے ہاتھی کی ورک شیٹ دی جائے گی اور اس کے ساتھ گرے رنگ کا کاغذ دیا جائے گا جس کو پھاڑ کر وہ ہاتھی کے اوپر چسپاں کرے گے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ<br>گرے رنگ کا کاغذ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہفتہ، ہاتھ، ہمیشہ ہم اور ہوا کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ہ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ہ' کی پہچان کرسکیں'۔ اُس کی صوتی آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے سات )اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ۃ' کا تلفظ اُس کی بناوٹ اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف 'ۃ' کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔اس میں 'ۃ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ہ' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے ہدہد، ہانڈی، ہڈی کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائیں گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائیں گی۔جس میں ایک پر حرف 'ح' اور دوسری حرف 'ہ' لکھا جائے گا بچوں کو دونوں کی تصاویر کے فلیش کارڈ دیئے جائیں گے بچوں کو کہا جائے گا کہ دونوں حروف کی تصاویر کے فلیش کارڈ الگ الگ کر کے اُن کی ٹوکریوں میں ڈالیں۔بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 81 کھولنے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا وکیل کی ابتدائی آواز 'ہ' ہے۔بچوں کو 'ہ' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ہ' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں حرف 'ہ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>تصاویر فلیش کارڈ<br>حرف ح، ہ<br>ٹوکریاں ح، ہ<br>تصاویر فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 81 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ہ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ہ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ہ‘ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ہ‘ کی پہچان کرسکیں‘۔ اُس کی صوتی آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے دو) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف ’ہ‘ کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف ’ہ‘ کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف ’ہ‘ پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کرسکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید/سیاہ پر حرف ’ہ‘ کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف ’ہ‘ پر پینسل پھیریے۔ | 2 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>3 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی ورک | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ہ‘ کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ہ‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |